14 جنوری 2022ء

# دسمبر 2021ء میں ترسیلاتِ زر کی آمد کی پریس ریلیز

- دسمبر 2021ء میں کارکنوں کی 2.5 ارب ڈالر ترسیلات پاکستان آئیں، انہوں نے ہر ماہ 2 ارب ڈالر سے زائد رہنے کا سلسلہ جون 2020ء سے اب تک جاری رکھا ہوا ہے۔
- اضافے کے لحاظ سے ترسیلات دسمبر 2021ء میں 2.5 فیصد (ماہ بہ ماہ) اور 3.4 فیصد (سال بسال) بڑھ گئیں۔
- مالی سال 22ء کی پہلی ششماہی میں مجموعی طور پر 15.8 ارب ڈالر کی ترسیلات وطن آئیں جو گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 11.3 فیصد زائد ہیں۔
- دسمبر 2021ء میں کارکنوں کی زیادہ تر رقوم سعودی عرب (626.6 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (453.2 ملین ڈالر)، برطانیہ (340.8 ملین ڈالر) اور امریکہ (248.5 ملین ڈالر) سے آئیں۔
- گذشتہ سال سے اب تک کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مستحکم آمد میں جو عوامل مددگار رہے ہیں ان میں باضابطہ ذرائع سے رقوم بھجوانے کی حوصلہ افزائی کی خاطر حکومت اور اسٹیٹ بینک کے فعال پالیسی اقدامات، اور وبا کے دوران بہبودی رقوم کی پاکستان کو منتقلی شامل ہیں۔
- کارکنوں کی ترسیلات کے جولائی تا نومبر مالی سال 22ء کے ڈیٹا کو نظرِ ثانی کے بعد بڑھا دیا گیا ہے جس سے روشن ڈجیٹل اکاؤنٹس (آر ڈی اے) میں مقامی استعمال (جیسے یوٹیلٹی بلوں کی ادائیگی، پاکستانی روپے میں مقامی اکاؤنٹ کو منتقلی، وغیرہ) کے لیے رقوم کی آمد کا پتہ چلتا ہے۔ چونکہ اس منتقلی کا ڈیٹا بلحاظ ملک پہلے دستیاب نہ تھا اس لیے اسے توازنِ ادائیگی کے اعداد و شمار میں 'دیگر نجی منتقلی' کے تحت درج کیا جاتا تھا۔ دسمبر 2021ء کا ڈیٹا بھی اسی طرح مرتّب کیا گیا ہے، اور اس طریقہ کار کو مستقبل میں بھی جاری رکھا جائے گا۔

****